30/06/2026

07.40 / PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگرہے ۔ خبروں کے بلیٹن کے ساتھ مینسید تجمل قادری

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں ۔

ہیڈ لائنز

*........لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کا تین جولائی سے شروع ہونے والی شری امر ناتھ جی یاترا کے سلسلے میں مختلف ایجنسیوں اور محکموں کے ما بین بہتر تال میل پر زور۔

*........ ستمبر کے مہینے میں سرینگر میں پہلے بین الاقوامی فلم فیسٹول کا اہتمام// وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے تیاریوں کا لیا جائزہ۔

*........وزیر صحت سکینہ ایتو کی نئی دلی میں صحت اور خاندانی بہبود سے متعلق مرکزی کونسل کی کانفرنس میں شرکت۔

اور

*........ اننت ناگ میں 20کروڑ روپے مالیت کا براؤن شوگر ضبط// پولیس کی بڑی کارروائی۔

یاترا

3 جولائی سے شروع ہونے والی سالانہ شری امر نا تھ جی یاترا کے تعلق سے یاترا کے دونوں بال تل اور پہلگام کے راستوں پر شر دھالوؤں کےلئے تمام انتظامات مکمل کئے گئے ہیں۔ لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کل پوتر گپھا کا دورہ کر کے وہاں پرتھم پوجا میں شرکت کی۔ اس طرح رسمی طور اس سال کی یاترا شروع ہوئی۔

لیفٹنٹ گورنر نے اس موقعے پر میڈیا کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا کہ یاترا کے احسن انعقاد کےلئے تمام محکمے اور ایجنسیاں باہمی تال میل کے ساتھ کام کر رہی ہیں اور یاتریوں کےلئے اعلیٰ معیار کی سہولیات دستیاب کرانے میں کوئی بھی دقیقہ فروگذاشت نہیں کیا جائے گا۔

یاترا جائزہ

شری امر ناتھ جی یاترا کے آغاز کو مد نظر رکھتے ہوئے آج یاترا کے دونوں راستونپریاترا کانوائے کا ڈرائی رن منعقد کیاگیا ۔ ہمارے نمائندے خورشید پڑرو نے خبر دی ہے کہ اس مقصد کیلئے سرینگر جموں قومی شاہراہ کے سرینگر۔بانہال سٹریچ پر صبح8 بجے سے 11بجے تک ٹریفک کی آمد رفت بند رہی ۔

اس سے پہلے کل جموں کے بھگوتی نگر یاتری نواس سے بانہال تک اسی طرح کی ایک ڈرائی رن کا انعقاد کیا گیا۔ اس کے علاوہ جموں کشمیر پولیس کے سپیشل آپریشنز گروپ اور نیشنل سیکورٹی گارڈز کے جوانوں نے یاترا کے پیش نظر رگھوناتھ مندر جموں میں موک ڈرل منعقد کی۔

انشل یاترا

دریں اثناءڈویژنل کمشنر کشمیر انشل گرگ نے سالانہ شری امر ناتھ جی یاترا کے تعلق سے سرینگر بین الاقوامی ہوائی اڈے پر کئے گئے انتظامات کا جائزہ لیا۔

انہوننے کہا کہ یاترایوں کی سہولت کےلئے ہر طرح کے انتظامات مکمل کئے گئے ہیں۔ انہوننے اس سلسلے میں ہوائی اڈے پر مختلف ایجنسیوں کے مابین بہتر تال میل کی ضرورت پر زور دیا تاکہ آنے والے یاتریوں کو کسی قسم کی دقتوں کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

بڈگام اطہر عامر احمد خان اور کئی دیگر افسران بھی موجود DC اس موقعے پر تھے۔

جموں

اُدھر صوبائی کمشنر جموں رمیش کمار اور آئی جی پی جموں بھیم سین توتی نے آج سیول سوسائٹی کے ارکان سے ملاقات کی۔ انہوننے یاترا 2026 کے بارے میں کئے گئے جامع انتظامات کے بارے میں میڈیا کو تفصیلی جانکاری فراہم کی۔

ٹننل

اس دوران یاتر اکے آغاز سے پہلے ایک اہم پیشرفت کے طور شاہراہ پر پنتھیال کو ڈگڈول سے جوڑنے والی ساڑھے تین کلو میٹر لمبی ٹنل کو ٹریفک کیلئے کھول دیا گیا ہے ۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران سرینگر میں منعقدہ ہونے والے پہلے انٹرنیشنل فلم فیسٹول آف جمونو کشمیر 2026 کے سلسلے میں کی جا رہی تیاریوں کا جائزہ لیا گیا۔

اس موقعے پر فیسٹول کے احسن انعقاد سے ہر ایک پہلو کو زیر بحث لایا گیا۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ یہ بین الاقوامی فلم فیسٹول جمونو کشمیر کی خوبصورتی، گونا گوں ورثے، قدیم روایات اور ابھرتے ہوئے ٹیلنٹ کی بین الاقوامی سطح پر عکاسی کرنے کا پلیٹ فارم ثابت ہو نا چاہئے۔

عمر عبداللہ نے کہا کہ مقامی ٹیلنٹ اور قومی و بین الاقوامی فلمسازوں ، پرڈیوسروں، ہدایت کاروں اور اداکاروں کے مابین باضابطہ طور بات چیت ہونی چاہئے تاکہ فلمسازی سے جڑے مقامی پیشہ ور استفادہ کر سکے۔

واضح رہے کہ یہ4روزہ فلم فیسٹول ستمبر2026 میں منعقد ہو رہا ہے۔

سکینہ ایتو

صحت اور طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے ایمز اونتی پورہ کی جلد تکمیل یقینی بنانے اور سرحدی علاقوں میں ٹراما اسپتالوں کے قیام پر زور دیا ہے۔ وہ نئی دلی کے وگیان بھون میں صحت اور خاندانی بہبود سے متعلق مرکزی کونسل کی 16کانفرنس میں شرکت کر تے ہوئے بول رہی تھیں۔

صحت و خاندانی بہبود کے مرکزی وزیر جے پی نڈا کی صدارت میں منعقدہ اس کانفرنس میں سبھی ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے وزرائے صحت اور دیگر سینئر افسران بھی موجود تھے۔

سکینہ ایتو نے ساتھ ہی قومی صحت مشن کے ملازمین اور آشا ورکروں کی ماہانہ اُجرت میں اضافہ کرنے کی مانگ بھی رکھی۔ انہوننے جمونو کشمیر میں عملائے جا رہے صحت کے فلیگ شپ پروگراموں کا خاکہ پیش کرنے کے علاوہ پوری یوٹی میں سب کےلئے مساوی اور قابل رسائی اور قابل برداشت طبی نگہداشت یقینی بنانے کےلئے مستقبل کا نقش راہ بھی پیش کیا۔

ست شرما

اسی دوران پردیش بی جے پی کے صدراور راجیہ سبھا کے رُکن ست شرما نے نئی دلی میں مرکزی وزیر صحت سے ملاقات کرکے ان کے ساتھ جمونو کشمیر میں طبی شعبے کے بنیادی ڈھانچے کو مضبوط کرنے کے کئی امور پر تبادلہ خیال کیا۔

ست شرما نے جمونو کشمیر کے صحت کے سیکٹر کو اعلیٰ ترجیح دینے کےلئے مرکزی سرکار کا شکریہ ادا کیا ۔

جا وید ڈار

زراعت اور دیہی ترقی کے پنچایتی راج کے وزیر جا وید احمد ڈار سے آج جموں میں مختلف محکموں کے سر براہ اور کئی عوامی وفود ملاقی ہوئے۔

انہوننے متعلقہ محکموں کے ترقیاتی پروجیکٹوں اور عوامی مسائل کے بارے میں جانکاری حاصل کی۔ انہوننے وفود کو یقین دلایا کہ اُجاگر کئے گئے تمام معاملات کو ترجیحی بنیادونپر حل کیا جائے گا۔

سمیلن

دیہی منظر نامے میں مثبت بدلاؤ لانے کے وزیر اعظم نریندر مو دی کے نظریے کو تقویت بخشتے ہوئے دیہی ترقی کی مرکزی وزارت کی طرف سے منعقد کیا گیا دو روزہ راشٹریہ گرامین وکاس سمیلن2026 نئی دلی میں اختتام پذیر ہوا۔

قومی سطح کے اس کنکلیو میں دیہی ترقی کے فلیگ شپ پروگراموں اور آئندہ اختیار کی جانے والی نقش راہ پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

مبارکبادLG

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے شری گرو ہرگوبند سنگھ جی کے پرکاش پرو کے موقعے پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔ ایک پیغام میں انہوں نے کہا ہے کہ گرو جی بھائی چارے اور قربانی کی ایک عظیم مثال تھے۔ انہوں نے گرو جی کی تعلیمات سے تحریک حاصل کرنے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سماعت کر DTH اور AIR خبریںآپ آکاشوانی کے موبائیل اپلیکشن نیوز آن سکتے ہیں۔

براؤن شوگر

پولیس نے منشیات کے کاروبار کے خلاف ایک بڑی کارروائی کرتے ہوئے اننت ناگ میں 20کروڑ روپے مالیت کا براؤن شوگر ضبط کیا ہے ۔ اننت ناگ کے ہمارے نمائندے تصدق رشید نے پولیس حکام کا حوالہ دیکر خبر دی ہے کہ ضلع کے بالمولہ علاقے میں ایک تلاشی کارروائی کے دوران وہاں سے گُزر رہی ایک گاڑی سے تقریبا اڑھائی کلوبراؤن شوگر ضبط کیا گیا ۔ جس کی مالیت 20کروڑ روپے بتائی گئی ہے ۔ پولیس نے گاڑی کے ڈرائیورٹنگڈار کپواڑہ کے رہنے والے اشتیاق احمد مغل کو گرفتار کیا ہے ۔

نشہ مکت

جمونو کشمیر کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کےلئے100دنوں پر مشتمل نشہ مکت جمونو کشمیر ابھیان کے تحت سرگرمیاں شدو مد سے جا ری ہیں۔ منشیات کے خلاف ایل جی کا پیغام۔

------LG-----

اس بدعت پر قابو پانے کےلئے درکار اقدامات اور لوگوں کی ذمہ داریوں کے تعلق نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ (Zez)سے ایک سماجی کارکن ارشد حسین زز بات کرتے ہوئے کہا۔

-----Arshid Hussain Zaz--

ساگر

نیشنل کانفرنس کے جنرل سیکریٹری علی محمد ساگر نے کہا ہے کہ پارٹی کا اتحاد ، نظم و ضبط اور عوامی خدمت کی نیشنل کانفرنس کی اصل طاقت ہے۔

پارٹی ہیڈ کواٹر سرینگر میں گاندربل کے ایک خصوصی تنظیمی اجلاس سے خطاب کر تے ہوئے انہوننے کارکنوں پر زور دیا کہ وہ پارٹی کی مزید مضبوطی کےلئے عوامی رابطوں مینتیزی لائیں۔

شمیمہ

اسی دوران پارٹی کی خواتین وِنگ کی صدر ایڈوکیٹ شمیمہ فردوس نے کہا ہے کہ عمر عبداللہ کی قیادت والی نیشنل کانفرنس حکومت معاشرے کے سبھی طبقوں بالخصوص مستحق، غریب اور پسماندہ افراد کی فلاح و بہبود اور باز آبادی کا ری کےلئے سنجیدگی اور خلوص کے ساتھ کام کر رہی ہے۔

موصوفہ نے آج ایسے16مستحق افراد میں مجموعی طور پر 11لاکھ20 ہزارروپے مالیت کے امدادی چیک تقسیم کئے جن کے مکانات تیزی آندھی اور دیگر قدرتی آفات کے باعث نقصان زدہ ہوئے تھے۔

BJP

پردیش بی جے پی نے نیشنل کانفرنس سرکار کی طرف سے 25ہزار سرکاری کے ذریعے چھان بین CBIنوکریوں کی آوٹ سورسنگ سے متعلق مبینہ سکینڈل کا کرنے پر زور دیا ہے۔

پارٹی کے ترجمان ڈاکٹر ابھی جیت جسٹروٹیہ ، زو ر آور سنگھ جموال اور ڈاکٹر ہری دت ششو نے ایک بیان میں اسے ادارہ جا تی رشوت ستانی قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ اقرباءپروری ہے اور نوجوانوں کے ساتھ دھوکہ ہے۔

## پلس پولیو

محکمہ صحت کی خصوصی ٹیموں نے آج مسلسل دوسرے روز بھی گھر گھر جا کر پانچ سال تک کے اُن بچوں کو پولیو مخالف قطرے پلا ئے ، جو اتوار 28 جون کو کسی وجہ سے پلس پولیو مراکز پر نہیں آسکے تھے۔ یہ بات قابل ذکر ہے کہ جموں کشمیر میں تقریباً انیس لاکھ بچوں کو پولیو مخالف قطرے پلوائے جارہے ہیں۔

## شہلت فاؤنڈیشن

شہلت فاؤنڈیشن کی طرف سے” آلودگی سے پاک جمونو کشمیر “مہم کے تحت آج سیاحتی مقام شرنز فال کنڈی میں صفائی ستھرائی مہم چلائی گئی۔ اس موقعے پر فاؤنڈیشن کے چیرمین محمد رفیق لون اور نائب چیرمین سی بی سی جمونو کشمیر اور لداخ کے سابق ڈائریکٹر غلام عباس کے علاوہ کا فی تعداد میں رضا کار موجود تھے۔

انہوننے جمونوکشمیر کے ہر ایک علاقے کو آلودگی سے پاک کرنے کےلئے عزم کو دہرایا۔

## پروگرام

آج آکاشوانی سرینگر کے آڈیٹوریم میں سٹیشن کے سابق پروگرام سربراہ سید ہمایوں قیصر کی ” براڈ کاسٹ میڈیا“ نامی کتاب کی رسم رونمائی انجام دی گئی۔

ا س کتاب میں ریڈیو پروگرامنگ اور پروڈکشن ٹیکنیکس کا تفصیلی خاکہ کھینچا گیا ہے۔ رسم رونمائی کی تقریب پر کئی اہم شخصیات بھی موجود تھیں۔

پیٹرول

مرکزی سرکار نے ملک میں پیٹرول اور ڈیزل کی فروخت اور تقسیم کاری پر عاید عارضی پابندی کے قواعد و ضوابط کو ختم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ مغربی ایشیاءکی صورتحال کے پیش نظر سرکار نے پیٹرولیم مصنوعات کی قلت پر قابو پانے کیلئے اس ماہ کی12تاریخ کو ان کی تقسیم کاری کے تعلق سے کچھ مخصوص رہنما خطوط لاگو کئے تھے۔

اس عارضی پابندی کو کل یعنی یکم جولائی سے ختم کیا جا رہا ہے۔

FATF

کے تئیں اپنی حمایت کا FATFبھارت نے مالی امور سے متعلق ایکشن ٹاسک فورس اعادہ کیا ہے اور کہاہے کہ دہشت گردی کےلئے سرمایہ فراہم کئے جانے کے خلاف عالمی مہم اور منی لانڈرنگ کی روک تھام میں یہ ایک اہم ستون ہے۔

پر نکتہ چینی کی تھی، کیونکہ زیادہ FATFبھارت کے اس بیان سے قبل، پاکستان نے میں شامل کیا گیا ہے۔Grey List کی FATFنگرانی کی خاطر پاکستان کا نام

دہشت گردی سے نمٹنے سے متعلق ہفتے کے موقعے پر اقوام متحدہ کے ایک پروگرام میں اظہار خیال کر تے ہوئے اقوام متحدہ میں بھارت کے مستقل نمائندے پی کی ساکھ پر سوال اُٹھانے کی کوششوں سے حقیقی تشویش FATFہریش نے کہا کہ کی بجائے جانچ کے خوف کی عکاسی ہو تی ہے۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے 24گھنٹوں کے دوران کہیں کہیں پر گرج چمک کے ساتھ ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش کا امکان ہے ، جبکہ جموں صوبے میں50سے60کلو میٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے تیز ہوائیں چلنے کی بھی پیشگوئی کی گئی ہے۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 35.2 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت22.5ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت36.3ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت28.3 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر 23 منٹ اور

غروب آفتاب شام7 بجکر46منٹ پر ہو گا۔

اس کے ساتھ ہی خبرونکا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

خدا حافظ

..........................................................

....................................

................

.......